© rasailojaraid.com

## میٹرک کی فزکس سے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا نام حذف اور قادیانی سائنسدان آنجہانی ڈاکٹر عبدالسلام کا نام شامل

ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے بجائے ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی کو بطور قومی ہیرو پیش کرنا گھناؤنی سازش ہے: اساتذہ کا ردِ عمل

(رحیم یار خان) گورنمنٹ کالونی ہائی سکول رحیم یار خان کے ۳۴ اساتذہ نے اپنے تحریری بیان میں فزکس کلاس دہم کے نصاب تجرباتی ایڈیشن اوّل کی اشاعت سے محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے نام کو حذف کرنے اور قادیانی ڈاکٹر عبدالسلام کو غلط انداز سے متعارف کرانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور اس گھناؤنی سازش کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ حکام بالا کو ایک مفصل یادداشت بھیجی گئی ہے جس میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

## مسلم ممالک کی مشترکہ فوج ''میٹو'' بنانے کا فیصلہ، ہیڈ کوارٹر ''مکّہ'' میں ہوگا

دبئی/اسلام آباد (آن لائن) افغانستان کے بعد عراق میں جنگوں کے بعد دیگر اسلامی ممالک کو کسی بھی بیرونی فوج کشی سے محفوظ رکھنے کے لیے ایک مشترکہ اسلامی دفاعی کونسل کے قیام کی کوشش شروع کر دیں گئیں۔ مراکش سے موصولہ اطلاعات کے مطابق اسلامی ملکوں کے تحفظ کے لیے ایک بڑے مسلم ایشیائی ملک کی طرف سے کی جانے والی کوششوں کے نتیجے میں M.A.T.O. میٹو (مکہ الائنس ٹریٹس آرگنائزیشن) کا قیام عمل میں لائے جانے کی خاطر رابطے ہو رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں جو مجوزہ معاہدہ مرتب کیا جا رہا ہے۔ اس کے تحت مسلم ممالک کی ایک کثیر تعداد فوج تیار کی جائے گی اور کسی بھی میٹو ملک پر حملہ تمام ملکوں پر حملہ تصور کیا جائے گا ایک مسلم ملک کے سربراہ کے مطابق اس معاہدے پر مسلم ممالک کے سربراہان دستخط کے لیے حرم شریف میں جمع ہوں گے جبکہ اس کا صدر مقام بھی مکہ مکرمہ ہوگا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق میٹو کا نام اور بنیادی تصور ایک پاکستانی نژاد رہنما اور عرب لیگ سے تعلق رکھنے والی دو اہم شخصیات نے پیش کیا ہے جبکہ میٹو کے دفاع اور تکنیکی امور سے متعلق سفارشات پاکستان و مصر سے تعلق رکھنے والی بین الاقوامی شہرت یافتہ سابقہ عسکری قیادت نے تیار کی ہیں۔ اس معاہدے کو حتمی انجام دینے کے لیے مسلم ممالک کے سربراہان سے رابطوں کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس سلسلہ میں امریکہ کے ان دنوں بڑے ٹارگٹ ملک شام کے صدر بشار الاسد سے بھی رابطہ کر کے نئی مجوزہ تنظیم کے اغراض و مقاصد واضح کر دیئے گئے ہیں۔ توقع ہے کہ آنے والے دنوں میں عملی پیش رفت ہوگی۔ (روزنامہ ''اوصاف'' ملتان، ۱۹/اپریل ۲۰۰۳ء)

## پرائمری نصاب میں حضور ﷺ کے بارے میں توہین آمیز مواد شامل کرنے کی ناپاک جسارت

یہ یہودی اور قادیانی سازش ہے۔ کتاب ضبط کر کے ذمہ داروں پر مقدمہ چلایا جائے: عبداللطیف خالد چیمہ

چیچہ وطنی۔ (۱۱/اپریل) لاہور کے ایک پبلشر کی جانب سے انگلش کی ایک کتاب میں نبی آخر الزمان حضرت محمد


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ﷺ کی ولادت کے حوالے سے غلط معلومات فراہم کرنے پر چیچہ وطنی کے دینی مذہبی اور دیگر حلقوں میں شدید غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی۔تفصیلات کے مطابق بار ایسوسی ایشن چیچہ وطنی کے رکن رانا فیاض حمید خان ایڈووکیٹ نے ایس ایچ او تھانہ سٹی چودھری محمد اصغر کو ایک تحریری درخواست دی ہے۔جس میں کہا گیا ہے کہ مشعل پبلشر لاہور کی شائع کردہ چوتھی جماعت کی انگلش کی کتاب میں نبی کریم ﷺ کے بارے میں شامل کردہ ایک سبق میں لکھا گیا ہے کہ حضرت محمد ﷺ کی ولادت ان کے والد ماجد کی وفات کے دوسال بعد ہوئی۔درخواست دہندہ کے مطابق چیچہ وطنی کے بہت سے پرائیویٹ اسکولوں میں بڑے پیمانے پر یہ کتاب فروخت کی جاچکی ہے جس سے مسلمانوں کے نہ صرف جذبات مجروح بلکہ ان میں مذہبی اشتعال بھی پھیل رہا ہے۔مدعی نے کتاب کے مذکورہ حصے کی فوٹوسٹیٹ کاپی بھی درخواست کے ساتھ لف کی ہے۔ادھر مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ اور جمعیت علمائے اسلام کے رہنما حافظ حبیب اللہ چیمہ نے رسول اکرم ﷺ کی پیدائش کے حوالے سے غلط معلومات پر مبنی کتاب کی اشاعت پر سخت احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ یہ یہودی اور قادیانی لابی کی مسلمانوں کے خلاف سازش ہے انہوں نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ مذکورہ کتاب کی تمام کاپیاں فی الفور قبضہ میں لے کر پبلشر اور ڈیلر کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے۔ (روزنامہ ''اسلام'' کراچی۔۲۱ر اپریل ۲۰۰۳ء)

حافظ حبیب اللہ چیمہ

(چیچہ وطنی)

## قادیانی ادارے......مسلمان بائیکاٹ کریں

### او۔سی۔ایس.O.C.S۔کوریئر سروس

ڈاک کی ترسیل کی پرائیویٹ کمپنی او۔سی۔ایس.O.C.S۔کوریئر سروس کے مالکان قادیانی ہیں۔اس کمپنی کے اکثر دفاتر میں ملازم بھی قادیانی ہیں۔تمام مسلمانوں سے اپیل ہے کہ اپنی ڈاک کی ترسیل O.C.S. سے نہ کروائیں اور دینی غیرت وحمیت کا مظاہرہ کریں۔

### قاضی دواخانہ چک چٹھہ

حکماء، دواخانہ اور میڈیکل سٹورز والے بھائیوں سے اپیل ہے کہ قاضی دواخانہ چک چٹھہ گوجرانوالہ روڈ حافظ آباد کے مالکان بھی قادیانی ہیں۔یہ لوگ پنجاب بھر میں اپنے دواخانہ (قاضی دواخانہ) کی ادویات مثلاً بوہڑ والی گولیاں ،خارش پوڈر، اکسیر معدہ وغیرہ۔دواخانوں، پنسار سٹورز اور میڈیکل سٹورز پر سپلائی کرتے ہیں۔تمام مسلمانوں سے اپیل ہے کہ شیزان کی طرح ان دونوں قادیانی اداروں O.C.S. اور قاضی دواخانہ کا مکمل بائیکاٹ کر کے عقیدہ ختم نبوت سے وابستگی کا ثبوت دیں۔قادیانی، مسلمانوں ہی کا مال اسلام اور مسلمانوں کے خلاف خرچ کر رہے ہیں۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کراچی (۲۵/مارچ) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی ناظم نشریات عبداللطیف خالد چیمہ نے ۲۲ تا ۲۷ مارچ کراچی کا دورہ کیا۔ اس دوران محمد شفیع الرحمٰن احرار، مولانا محمد احتشام الحق معاویہ اور بھائی محمود احمد کے ہمراہ مختلف علماء کرام، دینی رہنماؤں اور احباب سے ملاقاتیں کیں۔ جماعتی و تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لے کر جماعتی کام کو منظّم کرنے کے لیے صلاح مشورے کیے۔ جماعتی احباب سے مشاورت کے بعد ان کی موجودگی میں پندرہ روزہ ''درس قرآن کریم'' کی نشست کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ مولانا محمد احتشام الحق معاویہ نے درس قرآن کریم دیا جبکہ خالد چیمہ نے عالمی حالات کے تناظر میں احرار کارکنوں کی ذمہ داریوں پر گفتگو کی۔ روزنامہ ''اسلام'' کے مولانا احمد معاویہ کے ہمراہ روزنامہ ''اسلام'' کے دفتر گئے اور ذمہ داران سے ملاقات کے بعد جامعۃ الرشید میں مولانا مفتی عبدالرحیم اور قاری منصور احمد سے ملاقات کی اور جامعۃ الرشید کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا۔ خالد چیمہ نے مولانا سعید احمد جلال پوری اور مولانا نذیر احمد تونسوی سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دفتر میں ملاقات کی جبکہ مولانا عبدالرشید انصاری اور مولانا محمد اسلم شیخوپوری سے بھی ملے۔

## شہداء ختم نبوت کے خون کی پکار ہے کہ مسلمان عالمی استعمار کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں: سید عطاء المہیمن بخاری

## قادیانی یہود و نصاریٰ کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں: مولانا زاہد الراشدی

## بش اور بلیئر، فرعون اور نمرود کے انجام کو پہنچیں گے: پروفیسر خالد شبیر احمد

لاہور (۳۰ مارچ) تحریکِ مقدس تحفظ ختم نبوت ۱۹۵۳ء کے دس ہزار شہداء کی یاد میں مجلس احرار اسلام پاکستان کے زیر اہتمام نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں بزرگ احرار رہنما چودھری ثناء اللہ بھٹہ کی صدارت میں منعقدہ ''شہداء ختم نبوت کانفرنس'' کے مقررین نے کہا ہے کہ حکمران قادیانیوں کی سرپرستی چھوڑ دیں۔ شہداء ختم نبوت کا مشن جاری ہے اور قادیانیت کے ناسور کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گا۔ شہداء کا مقدس خون ہم سے متقاضی ہے کہ ہم عالمی استعمار کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں اور عراقی عوام پر ہونے والے مظالم بند کروانے کے لیے اپنا مضبوط و مؤثر کردار ادا کریں۔ مجلس احرار اسلام کے سربراہ مولانا سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ وحدتِ ادیان کے خود ساختہ فلسفے کے نام پر ایک بین الاقوامی پلاننگ ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں بعض مسلم حکمرانوں سے یہ اعلان کروایا جائے گا کہ اب جہاد کی ضرورت نہیں ہے اور اس کے پیچھے قادیانی بھی کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے ختم نبوت کے شہداء کے مقدس خون سے ہاتھ رنگے، وہ دنیا میں عبرت کا نشان بن گئے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سیٹ اپ میں قادیانیوں کا اثر و نفوذ بڑھایا جا رہا ہے جو کسی بڑے خطرے کا الارم محسوس ہوتا ہے۔ پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی سطح پر لابنگ کی ضرورت ہے۔ قادیانی یہود و نصاریٰ کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں۔ عراق کے مسئلہ پر پوری امت کو یک جان ہو کر آواز بلند کرنی چاہیے اور مسلم ممالک کو منافقت اور مصلحت ترک


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کر دینی چاہیے' ورنہ سب کی باری لگے گی۔مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل پروفیسر خالد شبیر احمد نے کہا کہ ہم شہداء ختم نبوت کے وارث ہیں اور اپنی وراثت کا حق ادا کریں گے۔عراق میں مسلمانوں پر جو ظلم ڈھایا جا رہا ہے' یہ ظلم ڈھانے والے فرعون و نمرود کے انجام تک ضرور پہنچیں گے۔جمعیت علماء پاکستان کے رہنما سردار محمد خان لغاری نے کہا کہ ناموس رسالت (ﷺ) کے تحفظ کے لیے ۱۹۵۳ء کے شہداء نے جو بے مثال قربانی دی' اُسی کے نتیجے میں قادیانیوں کو کافر قرار دیا گیا۔قادیانیوں کی ریشہ دوانیوں کے سدباب کے لیے قانون امتناع قادیانیت پر عمل درآمد نہ ہونا حکومت کی بدترین قادیانیت نوازی اور دین دشمنی کا مظہر ہے۔سید محمد کفیل بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ، جمعیت اہلحدیث کے علامہ ریاض الرحمٰن یزدانی، خاکسار تحریک کے حمید الدین المشرقی، محمد سلیم انبالوی، جمعیت علماء اسلام کے مولانا سیف الدین سیف، پاسبان ختم نبوت کے علامہ ممتاز اعوان، جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان کے چیئرمین سید ناظم حسنین، قاری محمد یوسف احرار، چودھری محمد ظفر اقبال، مولانا محمد مغیرہ، پیر سیف اللہ خالد اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔

## کانفرنس میں درج ذیل قراردادیں منظور کی گئیں

☆ قادیانیوں کو حکومت کے کلیدی عہدوں سے برطرف کیا جائے۔قادیانیوں نے جس طرح خلافتِ عثمانیہ کے خاتمے اور افغانستان میں اسلامی حکومت کے خاتمے پر خوشیاں منائیں، اُسی طرح عراق کے عوام پر امریکی مظالم اور جارحیت پر بھی خوشی منا رہے ہیں۔قادیانی پاکستان میں امریکی و برطانوی استعمار کے ایجنٹ اور مخبر ہیں۔مسلمان، امریکی و برطانوی مصنوعات کے بائیکاٹ کے ساتھ ساتھ قادیانیوں کا بھی سوشل بائیکاٹ کریں۔

☆ کہوٹہ لیبارٹریز سے تجارت پر امریکی پابندی پاکستان پر امریکی قبضے کی شروعات ہیں کانفرنس اس کی بھرپور مذمت کرتی ہے۔

☆ شام اور ایران کو امریکی دھمکی پاکستان کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔اگر ہمسایہ محفوظ نہیں تو ہم بھی محفوظ نہیں۔حالات نے ثابت کر دیا ہے کہ حکومت کی افغان پالیسی قطعی غلط تھی۔

☆ پاکستان مسلم ممالک کو متحد کرنے میں مؤثر کردار ادا کرے۔

☆ پرائیویٹائیزیشن کی آڑ میں تعلیمی اداروں کو یہود و نصاریٰ اور قادیانیوں کے حوالے کرنے کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں

☆ ایف سی کالج لاہور کی سابقہ انتظامیہ بحال کی جائے اور برطرف اساتذہ کی ملازمتیں بھی بحال کی جائیں۔نیز جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان کے مطالبات تسلیم کئے جائیں۔

## عراق پر قبضہ امریکہ کی کھلی بدمعاشی ہے: عبداللطیف خالد چیمہ

چیچہ وطنی (۳/اپریل) عراق پر امریکی جارحیت کے خلاف مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے زیر اہتمام ایک احتجاجی جلوس شیخ الحدیث مولانا محمد ارشاد، احرار رہنما عبداللطیف خالد چیمہ، خان محمد افضل، کالعدم سپاہ صحابہ کے رہنما انتظار


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

احمد، مسلم لیگ (ن) کے رہنما شیخ عبدالغنی، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے حاجی محمد ایوب، حافظ محمد بلال، اہلحدیث رہنما مولانا محمد اکرم ربانی سمیت دیگر رہنماؤں کی قیادت میں نکالا گیا۔ جلوس بعد نماز ظہر جامع مسجد سے شروع ہوا۔ جس میں تمام مکاتب فکر کے رہنما اور کارکن کثیر تعداد میں شریک تھے۔ جلوس کے شرکاء امریکہ، برطانیہ اور اسرائیل کے خلاف پر جوش نعرے لگا رہے تھے۔ احرار کارکن مجلس احرار کے سرخ ہلالی پرچم تھامے جلوس کے آگے آگے چل رہے تھے۔ جلوس اوکانوالہ روڈ اور مین بازار کے راستے شہداء ختم نبوت چوک پہنچ کر بہت بڑے احتجاجی جلسہ عام کی شکل اختیار کر گیا۔ جہاں جامع مسجد کے خطیب مولانا محمد ارشاد، احرار کے مرکزی رہنما عبداللطیف خالد چیمہ، قانون دان چودھری خادم حسین وڑائچ، الحمد ردفاؤنڈیشن کے صدر حافظ ساجد محمود، مرکزی جمعیت اہلحدیث کے مولانا محمد اکرم ربانی، مسلم لیگ (ن) کے شیخ عبدالغنی، جمعیت علماء اسلام کے مولانا حبیب اللہ، جماعت اسلامی کے خان حق نواز خان، پاسبان صحابہؓ کے حافظ محمد عثمان، ماہر تعلیم محمود احمد، مجلس احرار اسلام کے مولانا منظور احمد، محمد عابد مسعود ڈوگر اور حکیم محمد قاسم انجمن آڑھتیان غلہ منڈی کے صدر محمد اویس، مولانا احمد ہاشمی اور دیگر مقررین نے کہا کہ بے گناہ عراقی عوام کا قتل عام بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ امریکہ دنیا کے وسائل پر قبضے کے لیے ہر ظلم کو روا رکھے ہوئے ہے۔ خصوصاً مسلمان ممالک اس کی ہٹ لسٹ پر ہیں۔ عراق کے معدنی وسائل پر غاصبانہ قبضہ امریکہ کی کھلی بدمعاشی اور دہشت گردی ہے۔ مقررین نے الزام لگایا کہ پاکستان بننے کے بعد وزارت خارجہ پر متمکن قادیانی سرظفر اللہ خاں نے پاکستان کی سرکاری پالیسی کو امریکہ کی جھولی میں پھینک دیا تھا۔ اگر امت مسلمہ نے امریکی چیرہ دستیوں کا نوٹس نہ لیا تو امریکہ اور اس کے اتحادی ایک ایک کر کے سب مسلمان ممالک کو ہضم کر جائیں گے۔ جلسہ میں امریکی و یہودی مصنوعات کے بائیکاٹ کی قرارداد بھی منظور کی گئی۔ اور امریکی پرچم کو پاؤں تلے روندنے کے بعد صدر بش کا پتلا نذر آتش کیا گیا۔

## ملین مارچ ملتان میں مجلس احرار اسلام کے جلوس کی شرکت

ملتان (۴؍اپریل) عراقی عوام کی حمایت اور امریکی مظالم کی مذمت کے سلسلے میں متحدہ مجلس عمل نے ۴؍اپریل کو ملتان میں ملین مارچ کا اہتمام کیا۔ مجلس عمل کی دعوت پر مجلس احرار اسلام پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس اور سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی کی قیادت میں احرار کارکنوں کا ایک بڑا جلوس دارِ بنی ہاشم سے نماز جمعہ کے بعد روانہ ہو کر چوک کچہری پہنچا۔ احرار کارکنوں نے سرخ قمیصیں زیب تن کی ہوئی تھیں اور کثیر تعداد میں سرخ پرچم اور بینر ہاتھوں میں تھامے ہوئے تھے۔ شرکاء جلوس فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے چوک کچہری پہنچے تو اسٹیج سے مجلس احرار کے جلوس کا خیر مقدم کیا گیا۔ سید محمد کفیل بخاری نے ملین مارچ کے اجتماع سے انتہائی مختصر خطاب میں مسلم ممالک پر امریکی مظالم، جارحیت اور وسائل پر ناجائز قبضہ و تسلط کی شدید مذمت کی اور عراقی عوام کی جرأت پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ بعد


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ازاں نواب زادہ نصر اللہ خان ،مولانا فضل الرحمٰن ،مولانا سمیع الحق ،قاضی حسین احمد اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیالات کیا۔مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم میاں محمد اویس بھی ان ملاقاتوں میں شامل تھے۔

## امریکہ‘اسلام اور مسلمانوں ہی کا نہیں‘انسانیت کا بھی دشمن ہے:امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری

چیچہ وطنی (۱۸/اپریل) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے مرکزی مسجد عثمانیہ چیچہ وطنی میں نمازِ جمعتہ المبارک کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقوام متحدہ امریکہ نہیں یہودی ایجنڈے کی تکمیل کے لیے سرگرم عمل ہے اور یہودی فلسفہ یہ ہے کہ دنیا سے اسلام اور مسلمان ختم ہو جائیں۔یہی ترجیحات ’’بش‘‘اور’’بلیئر‘‘ کی ہیں‘ایسے میں اقوام مسلم نے حقیقی اتحاد کا عملی مظاہرہ نہ کیا تو مزید مار پڑے گی۔انہوں نے کہا کہ مسلم عوام میں حریت فکر اور اپنے دفاع کے لیے پیدا ہونے والی بیداری کو مسلم حکمران ہی ابھرنے نہیں دے رہے۔اگر عرب مما لک کے حکمران حالات کی سنگینی کا ادراک کرلیں تو بین الاقوامی حالات میں جلد تبدیلی ممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکہ صرف اسلام اور مسلمانوں کا نہیں بلکہ انسانیت کا بھی دشمن ہے اور درندگی کی تمام حدود کراس کر چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت بے حسی کا شکار ہے اور غیرت سے خالی ہے۔سول اور فوج میں اعلیٰ ترین کلیدی عہدوں پر قادیانیوں سمیت ہزاروں غیر مسلم مسلط ہیں ۔کئی اہم عہدوں پر یہودی بھی موجود ہیں اور منکرین جہاد قادیانیوں کو ایک منظّم اور خطرناک سازش کے تحت باقاعدہ پرومٹ کیا جارہا ہے۔قبل ازیں انہوں نے ضلع ساہیوال کے اپنے دوروزہ دورے کے دوران مدرسہ فاروقیہ غازی آباد، مدرسہ اویسیہ انوارِ رحمت ہڑپہ اور جامع مسجد چک نمبر ۳۹۔۱۲۔ایل میں مختلف اجتماعات سے بھی خطاب کیا۔

## مولانا محمد اعظم طارق کی دارِ بنی ہاشم میں امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری سے ملاقات

ملتان (۲۰/اپریل) ’’ملت اسلامیہ پاکستان‘‘ کے سربراہ مولانا محمد اعظم طارق اور جناب ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں دارِ بنی ہاشم میں تشریف لائے ۔احرار رہنما سید محمد کفیل بخاری نے اُن کا استقبال کیا۔بعدازاں انہوں نے امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری سے ملاقات کی اور اپنی نئی جماعت’’ملت اسلامیہ پاکستان‘‘ کا پرچم دکھایا اور اس ضمن میں تبادلہ خیال کیا۔۱۱۔۱۲/ربیع الاوّل کو چناب نگر میں منعقد ہونے والی’’تحفظ ختم نبوت کانفرنس‘‘ میں شرکت کی دعوت دی‘ جسے مولانا نے قبول فرمالیا۔


© rasailojaraid.com